ٹائیٹل بار اوّل

الحمد للہ والمنت کہ بتائید و توفیق آن نعم المولی و نعم النصیر و عنایات
آن ذات جلیل و عظیم و کبیر حصہ اولی کتاب لاجواب موسوم بہ

آئینہ کمالات اسلام

جسکا دوسرا نام دافع الوساوس بھی ہے

بمقام قادیان ۱۸۹۳ء

مطبع ریاض ہند قادیان مین باہتمام شیخ نور احمد مہتمم
و مالک مطبع طبع ہوکر شایع ہوا

Présentation du livre :

A'ïna Kamālāté Islām - Le Miroir des excellences de l'Islam

Le Messie Promis علیہ السلام, envoyé par Allah L'Exalté, rédigea cet ouvrage, *Le Miroir des excellences de l'Islam*, afin de mettre en lumière la beauté de l'Islam et les perfections ainsi que les sublimes enseignements du Saint Coran. Cet ouvrage porte également le titre de Dafi' al-Wassawis. Il se compose de deux parties : l'une en ourdou et l'autre en arabe, intitulée At-Tabligh. Cette dernière est le premier ouvrage que le Messie Promis علیہ السلام ait rédigé en arabe, à l'initiative de Hazrat Maulvi Abdul Karim Sialkoti رضی اللہ عنہ. L'ouvrage figure dans le volume 5 du *Ruhani Khaza'in*, compte 658 pages et fut publié en février 1893.

Le Miroir des excellences de l'Islam aborde de nombreux sujets : la réalité de l'unicité divine et de l'Islam, l'origine divine du Saint Coran et la sagesse des serments par lesquels Allah jure dans le Saint Coran ; le décès de Jésus, fils de Marie علیہ السلام, l'existence et les missions des anges ainsi que la compagnie bénie du Saint-Esprit ; les notions de fanā (anéantissement spirituel), de baqā (constance dans la proximité divine) et de liqā (rencontre divine) ; la création de la Terre, des cieux et des astres, l'origine des étoiles filantes et des comètes, ainsi que les six étapes de la création physique et spirituelle de l'être humain ; les origines familiales du Messie Promis علیہ السلام, son hommage au gouvernement britannique et son appel à l'Islam adressé à la reine Victoria ; des poèmes en persan et en arabe à la gloire du Saint Prophète ﷺ ; le défi de *Mubāhala* lancé aux oulémas musulmans opposants dans un délai de quatre mois, ainsi que les invitations à la confrontation adressées aux hindous, aux Aryas, aux juifs, aux memmbres du Brahmo Samaj, aux sikhs et aux athées ; la légitimité et la sagesse de la polygamie, étayées par la Torah et d'autres Écritures ; le contexte et l'accomplissement de la prophétie concernant le mariage avec Muhammadi Begum, ainsi que celle relative au sort de Lekhram de Peshawar ; enfin, les objectifs de Jalsa Salana, le compte rendu de celui tenu du 27 au 29 décembre 1892 et la liste de 327 participants parmi les quelque 500 fidèles présents.

Concernant l'acceptation de cet ouvrage auprès d'Allah, le Messie Promis علیہ السلام rapporte qu'au cours de sa rédaction, il eut à deux reprises la vision du Saint Prophète ﷺ, qui manifesta sa joie. Une nuit, il vit un ange appeler les cœurs des hommes vers ce livre en proclamant :

هٰذَا كِتَابٌ مُبَارَكٌ فَقُومُوا لِلْإِجْلَالِ وَالْإِكْرَامِ «Voici un livre béni! Levez-vous pour lui témoigner votre respect ! »

Le 17 octobre 1892, il vit en rêve le Saint Prophète ﷺ tenant cet ouvrage et désignant les passages consacrés à ses mérites et aux qualités de ses compagnons رضی اللہ عنہم. Il déclara : هٰذَا لِي وَهٰذَا لِأَصْحَابِي « Ceci est à ma louange et ceci à celle de mes Compagnons. » Il reçut ensuite cette révélation de la part d'Allah L'Exalté : هٰذَا الثَّنَاءُ لِي « Cette louange M'est destinée. »

L'existence et les œuvres des anges

Cet ouvrage consacre une étude approfondie à la nature des anges d'Allah. Le Messie Promis علیہ السلام déclare lui-même : « Vous ne trouverez dans aucun autre ouvrage une étude aussi détaillée sur la nécessité de l'existence des anges que celle présentée dans Le Miroir des excellences de l'Islam. » (Barakāt-ud-Du'ā, Ruhani Khaza'in, vol. 6, p. 27.)

Le Messie Promis علیہ السلام, commentant les versets de la sourate At-Tāriq, النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۔ إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ, explique que tout être auquel s'applique le terme *nafas* est protégé par les anges. Ainsi, un ange est assigné à chaque astre — Soleil, Lune, Saturne, Jupiter et toutes les étoiles — pour le protéger et en assurer le fonctionnement.

Il ajoute que les événements du monde ne dépendent pas uniquement de causes apparentes, mais qu'un système invisible y agit également. Si les causes apparentes du Soleil, de la Lune, de la Terre, de la pluie, des vents, de la grêle et des étoiles filantes sont décrites dans les ouvrages d'astronomie et de physique, les personnes éclairées savent que les anges agissent aussi derrière ces causes, sous l'ordre d'Allah. Ils accomplissent les nobles missions qui leur sont confiées selon Ses sages desseins.

Le soutien divin et le triomphe de l'Islam

S'adressant à Sir Syed Ahmad Khan et aux musulmans qui, influencés par la philosophie européenne, interprétaient l'Islam à contresens de son esprit, le Messie Promis علیہ السلام affirme qu'il ne faut pas se laisser décourager par les conflits entre religion et science ni par les attaques contre l'Islam. L'heure est

venue pour l'Islam de déployer son épée spirituelle. L'ennemi sera humilié et l'Islam triomphera. Les sciences modernes, quelles que soient leurs attaques, finiront par être vaincues. Allah lui a révélé les grandes forces de l'Islam : non seulement celui-ci repoussera les assauts de la philosophie moderne, mais il en démontrera également les erreurs. La philosophie ne possède que des arguments rationnels incomplets, tandis que l'Islam dispose d'arguments parfaits et d'armes célestes.

Rassurant les musulmans, le Messie Promis عليه السلام déclare qu'Allah L'Exalté a Lui-même promis de protéger l'Islam : إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ « C'est Nous qui avons révélé ce Rappel et c'est Nous qui en assurons la protection. »

Ainsi, pas même un seul iota du Saint Coran ne saurait être atteint par l'ensemble des attaques de toutes les philosophies. Le véritable Maître du navire de l'Islam est Allah Lui-même, parfaitement capable de le préserver de toutes les tempêtes. Conformément à Sa promesse, Il a chargé l'un de Ses serviteurs de guider ce navire et d'assurer sa protection. Par son intermédiaire, les précieux trésors de l'Islam seront préservés et les doctrines erronées seront combattues. Ayez la certitude que la victoire spirituelle de l'Islam est proche et que ses signes commencent déjà à apparaître dans les cieux.

Invitation à la reine Victoria à l'Islam

Dans cet ouvrage, le Messie Promis عليه السلام adressa une lettre à la reine Victoria pour l'inviter à l'Islam. En sa qualité de véritable serviteur du Saint Prophète ﷺ, il lui transmit le message dans les mêmes termes que ceux employés par ce dernier lorsqu'il s'adressa aux empereurs de Byzance et de Perse en 628. Il interpella ainsi la reine :

يَا قَيْصَرَةَ الْهِنْدِ ... فَوَاهًا لَكِ لَوْ كُنْتِ مِنَ الَّذِينَ يُسْلِمُونَ ... يَا قَيْصَرَةُ، تُوبِي تُوبِي، وَاسْمَعِي اسْمَعِي، بَارَكَ اللَّهُ فِي مَالِكِ وَكُلِّ مَالِكِ، وَكُنْتِ مِنَ الَّذِينَ يُرْحَمُونَ ... يَا مَلِيكَةَ الْأَرْضِ أَسْلِمِي تَسْلَمِي

« Ô impératrice des Indes ! … Quel bonheur pour toi si tu étais parmi ceux qui se soumettent à Dieu ! … Ô impératrice, repens-toi, repens-toi, et écoute, écoute ! Qu'Allah bénisse tes biens ainsi que ceux de ton empire, et fasse que tu sois parmi ceux qui reçoivent Sa miséricorde ! … Ô reine de la Terre, embrasse l'Islam et tu seras sauvée ! »

Réponse à une objection concernant Jalsa Salana

Un opposant à la Communauté Ahmadiyya, Mian Rahim Bakhsh, avait émis une fatwa à propos de Jalsa Salana, affirmant que fixer chaque année des dates pour s'y rendre constituait une innovation (*bid'at*) et un péché. À ce sujet, le Messie Promis عليه السلام déclare : « L'un des principaux objectifs de cette assemblée est de permettre à chaque membre sincère de tirer un bénéfice spirituel de rencontres directes, d'élargir ses connaissances religieuses et de progresser dans la connaissance spirituelle. […] Ô homme dénué de crainte d'Allah, ouvre donc tes yeux et lis attentivement le contenu de l'annonce du 7 décembre 1892 ! Y est-il question de convoquer les membres de ma Communauté pour acquérir le savoir, résoudre les difficultés religieuses, témoigner de la sympathie envers l'Islam et se rencontrer fraternellement, ou bien y est-il question de quelque foire, divertissement, chant ou musique ? […] Au moment de rédiger ta fatwa, as-tu donc oublié les hadiths qui considèrent comme une source d'abondante récompense et d'immense mérite le fait d'entreprendre un voyage pour acquérir la connaissance religieuse, dissiper ses doutes et rencontrer ses frères et proches en religion ? Depuis les temps anciens, voyager pour rendre visite aux personnes vertueuses est également une pratique des pieux prédécesseurs. »

Il ajoute : « Le voyage entrepris pour la cause d'Allah est une forme d'adoration auprès de Lui. »

L'amour du Saint Prophète ﷺ

Le Messie Promis عليه السلام déclare : « Si ces gens avaient tué nos enfants sous nos yeux, mis en pièces nos proches les plus chers, nous avaient ôté la vie dans la plus grande humiliation et s'étaient emparés de tous nos biens, par Allah, oui par Allah ! Nous n'en aurions pas éprouvé de peine. Notre cœur n'aurait jamais été aussi profondément meurtri que par les insultes et les outrages proférés à l'encontre de notre noble Prophète ﷺ. »

Il déclare ensuite : « Cette lumière suprême qui fut accordée à l'être humain — à l'Homme parfait — ne se trouvait ni chez les anges, ni dans les étoiles, ni dans la Lune, ni même dans le Soleil. Elle ne se trouvait pas davantage dans les mers et les fleuves de la Terre, ni dans les rubis, les saphirs, les émeraudes, les diamants ou les perles. En somme, elle n'existait dans aucune créature terrestre ou céleste. Elle résidait uniquement en l'être humain, et plus précisément en l'Homme parfait, dont le représentant le plus accompli, le plus parfait, le plus éminent et le plus sublime est notre maître et guide, le Sceau des prophètes et le maître des vivants, Muhammad Mustafa ﷺ. »

Un poème à la gloire du Saint Prophète ﷺ

À la fin de *At-Tablīgh*, le Messie Promis عليه السلام a écrit, à la gloire du Saint Prophète ﷺ, une poésie en arabe d'une beauté miraculeuse. Ce poème est sans égal dans les quatorze siècles de littérature islamique. Lorsqu'il a achevé sa rédaction, son visage béni s'illumina de joie et il déclara : « Ce poème a été agréé auprès du Seigneur. Allah L'Exalté m'a révélé que quiconque l'apprendra par cœur et le récitera régulièrement, Je remplirai son cœur de Mon amour et de celui de Mon Messager ﷺ, et Je lui accorderai Ma proximité. »

يَا عَيْنَ فَيْضِ اللهِ وَالْعِرْفَانِ يَسْعَى إِلَيْكَ الْخَلْقُ كَالظَّمْآنِ

يَا بَحْرَ فَضْلِ الْمُنْعِمِ الْمَنَّانِ تَهْوِي إِلَيْكَ الزُّمَّرُ بِالْكِيزَانِ

جِسْمِي يَطِيرُ إِلَيْكَ مِنْ شَوْقٍ عَلاَ يَا لَيْتَ كَانَتْ قُوَّةُ الطَّيَرَانِ



تعارف۔ آئینہ کمالات اسلام

اللہ تعالیٰ کے مامور حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسلام کی خوبصورتی اور قرآن کریم کے کمالات کو نمایاں کرنے اور دنیا کو اس کی اعلیٰ تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے یہ کتاب آئینہ کمالات اسلام تحریر فرمائی۔ اس کا دوسرا نام دافع الوساوس ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے: ایک اردو میں اور دوسرا عربی میں، جس کا نام التبلیغ ہے۔ عربی حصہ حضورؑ کی پہلی عربی تصنیف ہے، جس کی تحریک حضرت مولوی عبدالکریم سیالکوٹی رضی اللہ عنہ نے فرمائی تھی۔ یہ کتاب روحانی خزائن کی جلد 5 میں شامل ہے، 658 صفحات پر مشتمل ہے اور فروری 1893ء میں شائع ہوئی۔

اس کتاب میں متعدد اہم مضامین شامل ہیں، جن میں حقیقتِ توحید و اسلام، قرآن کریم کا کلامِ الٰہی ہونا اور اللہ تعالیٰ کے قسم کھانے کی حکمت؛ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی وفات، فرشتوں کا وجود اور ان کی خدمات، روح القدس کی دائمی رفاقت؛ مقامِ فنا، بقا اور لقا کی تفصیل؛ زمین، آسمان، خلا اور اجرامِ فلکی کی تخلیق، شہابِ ثاقب اور دمدار ستاروں کی حقیقت، نیز انسان کی جسمانی و روحانی پیدائش کے چھ مراحل؛ اپنے خاندانی حالات، حکومتِ برطانیہ کا ذکرِ خیر اور ملکہ وکٹوریہ کو اسلام کی دعوت؛ آنحضرت ﷺ کی شان میں فارسی اور عربی قصائد؛ مخالف مسلمان علماء کو چار ماہ کے اندر دعوتِ مباہلہ اور ہندوؤں، آریوں، یہودیوں، برہمو سماجیوں، سکھوں اور دہریوں کو دعوتِ مقابلہ؛ تورات وغیرہ سے تعددِ ازدواج کے جواز کے دلائل اور اس کی حکمت؛ محمدی بیگم سے نکاح کی پیشگوئی کا پس منظر اور اس کی تکمیل، نیز لیکھرام پشاوری کے انجام سے متعلق پیشگوئی؛ اور جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد، 27 تا 29 دسمبر 1892ء کے جلسہ سالانہ کی کارروائی اور اس میں شامل تقریباً 500 احباب میں سے 327 افراد کی فہرست شامل ہیں۔

اس کتاب کی عنداللہ مقبولیت کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس کی تالیف کے دوران دو مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور آپؐ نے اس پر مسرت ظاہر فرمائی۔ ایک رات ایک فرشتے کو لوگوں کو اس کتاب کی طرف بلاتے ہوئے سنا، جو کہہ رہا تھا: هٰذَا كِتَابٌ مُبَارَكٌ فَقُوْمُوْا لِلْإِجْلَالِ وَالْإِكْرَامِ یعنی یہ مبارک کتاب ہے، اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔

17 اکتوبر 1892ء کو خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی کتاب ہاتھ میں لیے دیکھا۔ آپؐ نے اس میں اپنی تعریف اور صحابہؓ کے کمالات و صدق و وفا کے مقامات کی طرف انگلی سے اشارہ کر کے فرمایا: هٰذَا لِي وَهٰذَا لِأَصْحَابِي یعنی یہ تعریف میرے لیے اور یہ میرے صحابہؓ کے لیے ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوا: هٰذَا الثَّنَاءُ لِي یعنی یہ تعریف میرے لیے ہے۔

ملائکۃ اللہ کی حقیقت

اس کتاب میں ملائکۃ اللہ کی حقیقت پر سیر حاصل بحث ہے۔ حضورؑ خود فرماتے ہیں: "فرشتوں کی ضرورت میں جس قدر مبسوط بحث آئینہ کمالات اسلام میں ہے اس کی نظیر کسی دوسری کتاب میں نہیں پاؤ گے"۔ (برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 27)

سورۃ الطارق کی آیات اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ کی تشریح کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہر وہ چیز جس پر نفس نام کا اطلاق ہوتا ہے، فرشتوں کی حفاظت میں ہے۔ چنانچہ سورج، چاند، زحل، مشتری اور تمام ستاروں کے لیے ایک ایک فرشتہ مقرر ہے، جو ان کی حفاظت کرتا اور ان کے نظام کو چلاتا ہے۔

آپؑ مزید فرماتے ہیں کہ دنیا کے تمام واقعات صرف ظاہری اسباب کے تابع نہیں بلکہ ان کے ساتھ ایک باطنی نظام بھی کار فرما ہے۔ سورج، چاند، زمین، بارش، آندھی، اولے اور شہابِ ثاقب کے ظاہری اسباب کی تفصیل علمِ ہیئت اور طبیعیات کی کتابوں میں موجود ہے، لیکن اہلِ معرفت جانتے ہیں کہ ان اسباب کے پیچھے فرشتے ہی اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان امور کی تدبیر کرتے ہیں۔ وہ اپنے سپرد کردہ کام انجام دیتے ہیں اور ان کے ہر عمل کے پیچھے اللہ تعالیٰ کے بڑے حکیمانہ مقاصد ہوتے ہیں۔

نصرت الٰہی اور اسلام کی فتح

سر سید احمد خان اور ان جیسے مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے، جو یورپی فلسفے سے متاثر ہو کر اسلام کے خلاف تاویلیں کر رہے تھے، حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مذہب اور علم کی موجودہ کشمکش اور اسلام پر حملوں سے دل شکستہ نہیں ہونا چاہیے۔ اس زمانہ میں اسلام کی روحانی تلوار کے جوہر دکھانے کی ضرورت ہے۔ یقین رکھو کہ اس معرکے میں دشمن ذلت سے پسپا ہو گا اور اسلام فتح پائے گا۔ جدید علوم خواہ کتنے ہی حملے کریں، آخر کار شکست ان کا مقدر ہے۔ فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی اعلیٰ طاقتوں کا علم عطا فرمایا ہے۔ اسلام نہ صرف جدید فلسفے کے حملوں کا مقابلہ کرے گا بلکہ مخالف علوم کی غلطیاں بھی ظاہر کر دے گا۔ فلسفے کے پاس ناقص عقلی دلائل ہیں، جبکہ اسلام کے پاس کامل عقلی اور آسمانی ہتھیار موجود ہیں۔

مسلمانوں کو تسلی دیتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے خود اسلام کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ قرآن کریم کا ایک نقطہ بھی تمام فلسفوں کے مشترکہ حملے سے نقصان نہیں اٹھا سکتا۔ اسلام کی کشتی کا حقیقی ملاح خود اللہ تعالیٰ ہے، جو اسے ہر طوفان سے بچانے پر قادر ہے۔ اس نے اپنے وعدے کے مطابق اپنے ایک بندے کو اس کشتی کی حفاظت اور رہنمائی کے لیے مامور فرمایا ہے۔ اس کے ذریعے اسلام کے قیمتی خزانے محفوظ رکھتے ہوئے باطل نظریات کا مقابلہ کیا جائے گا۔ یقین رکھو کہ اسلام کی روحانی فتح قریب ہے اور اس کے آثار آسمان پر ظاہر ہو چکے ہیں۔

ملکہ وکٹوریہ کو دعوت اسلام

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے اس کتاب میں ایک خط کے ذریعے ملکہ وکٹوریہ کو ایک خط کے ذریعے دعوت اسلام دی جس میں آپ علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ کا حقیقی خادم ہونے کی حیثیت سے ملکہ کو انہیں الفاظ میں اسلام پہنچایا جن الفاظ میں آنحضرت ﷺ نے 628ء میں قیصر وکسریٰ کو پیغام پہنچایا تھا۔ چنانچہ آپ ملکہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں: یَا قَیْصَرَۃَ الْھِنْدِ۔۔۔ فَوَاھًا لَکِ لَوْ کُنْتِ مِنَ الَّذِینَ یُسْلِمُونَ ۔۔۔ یَا قَیْصَرَۃُ، تُوبِی تُوبِی، وَاسْمَعِی اسْمَعِی، بَارَکَ اللّٰہُ فِی مَالِکِ وَکُلِّ مَالِکِ، وَکُنْتِ مِنَ الَّذِینَ یُرْحَمُونَ۔۔۔ یَا مَلِیْکَۃَ الْاَرْضِ اَسْلِمِی تَسْلِمِیْنَ

جلسہ سالانہ کے متعلق ایک اعتراض کا جواب

جماعت احمدیہ کے ایک مخالف میاں رحیم بخش صاحب نے جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ کے حوالے سے فتویٰ دیا کہ اس طرح سال میں دن مقرر کرکے جانا بدعت اور معصیت ہے۔ اس سلسلہ میں حضورؑ فرماتے ہیں: "اس جلسہ کے اغراض میں سے بڑی غرض یہ بھی ہے کہ تا ہر یک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔۔۔ اے ناخدا ترس ذرا آنکھ کھول اور پڑھ کہ اس اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء کا کیا مضمون ہے کیا اپنی جماعت کو طلب علم اور حل مشکلات دین اور ہمدردی اسلام اور برادرانہ ملاقات کے لیے بلایا ہے یا اس میں کسی اور میلہ تماشا اور راگ اور سرود کا ذکر ہے... آپ کو فتویٰ لکھنے کے وقت وہ حدیثیں یاد نہ رہیں جن میں علم دین کے لیے اور اپنے شبہات دور کرنے کے لیے اور اپنے دینی بھائی اور عزیزوں کو ملنے کے لیے سفر کرنے کو موجب ثواب کثیر واجر عظیم قرار دیا ہے بلکہ زیارت صالحین کے لیے سفر کرنا قدیم سے سنت سلف صالح چلی آئی ہے۔" پھر فرمایا: "جو للہ سفر کیا جاتا ہے وہ عند اللہ ایک قسم عبادت کے ہوتا ہے۔"

عشق رسول ﷺ

فرماتے ہیں "اگر یہ لوگ ہمارے بچوں کو ہماری آنکھوں کے سامنے قتل کرتے اور ہمارے جانی اور دلی عزیزوں کو جو دنیا کے عزیز ہیں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے اور ہمیں بڑی ذلت سے جان سے مارتے اور ہمارے تمام اموال پر قبضہ کر لیتے تو واللہ ثم واللہ ہمیں رنج نہ ہوتا اور اس قدر کبھی دل نہ دکھتا جو ان گالیوں اور اس توہین سے جو ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کی گئی دُکھا۔" (صفحہ 52)

پھر فرمایا: "وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسان کامل کو وہ ملائک میں نہیں تھا، نجوم میں نہیں تھا، قمر میں نہیں تھا، آفتاب میں بھی نہیں تھا، وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا، غرض وہ کسی چیز ارضی اور

شعبہ تعلیم
Département Ta'alim

سماوی میں نہیں تھا، صرف انسان میں تھا، یعنی انسان کامل میں، جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سید و مولی، سید الانبیاء، سید الاحیاء محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔"

آنحضرت ﷺ کی شان اقدس میں نعتیہ قصیدہ

'التبلیغ' کے آخر میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ کی شان میں ایک معجزہ نما عربی قصیدہ تحریر فرمایا ہے۔ یہ قصیدہ چودہ سو سال کے اسلامی لٹریچر میں اپنی نظیر آپ ہے۔ جب حضور یہ قصیدہ لکھ چکے تو آپؑ کا چہرہ مبارک خوشی سے چمک اٹھا اور آپؑ نے فرمایا" یہ قصیدہ جناب الٰہی میں مقبول ہو گیا اور خدا تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا کہ جو یہ قصیدہ حفظ کر لے گا اور ہمیشہ پڑھے گا میں اس کے دل میں اپنی اور اپنے رسول ﷺ کی محبت کوٹ کوٹ کر بھر دونگا۔ اور اپنا قرب عطا کروں گا۔"

يَا عَيْنَ فَيْضِ اللهِ وَالْعِرْفَانِ ... يَسْعَى إِلَيْكَ الْخَلْقُ كَالظَّمْآنِ

يَا بَحْرَ فَضْلِ الْمُنْعِمِ الْمَنَّانِ ... تَهْوِي إِلَيْكَ الزُّمَّرُ بِالْكِيزَانِ

جِسْمِي يَطِيرُ إِلَيْكَ مِنْ شَوْقٍ عَلاَ ... يَا لَيْتَ كَانَتْ قُوَّةُ الطَّيَرَانِ

شعبہ تعلیم
Département Ta'alim